سوال

(158) کیا قبر میں گناہ گار آدمی کو عذاب ہوتا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا قبر میں گناہ گار آدمی کو عذاب ہوتا ہے؟ کیا قبر میں سوالات ہوں گے؟ قرآن اور حدیث کی روشنی میں جواب مطلوب ہے۔ (شوکت حیات نسیم، ٹوبہ ٹیک سنگھ) (۱۵۔ اگست ۲۰۰۸ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

امام بخاری رحمہ اللہ نے ''صحیح بخاری'' میں باب باندھ کر قرآنی آیات اور احادیث سے عذابِ قبر ثابت کیا ہے اور یہ بھی ذکر کیا ہے کہ نبی ﷺ قریباً ہر نماز میں عذابِ قبر سے پناہ مانگتے تھے۔ (ملاحظہ ہو صحیح بخاری، کتاب الجنائز، تفصیلی بحث الاعتصام میں کئی دفعہ شائع ہو چکی ہے۔)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3، کتاب الجنائز: صفحہ:191

محدث فتویٰ